# ماڈل پیپر "معاشیات"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ کل نمبر: 20

**سوال نمبر 1۔** تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) شخصی آمدنی میں سے براہ راست ٹیکس نکالنے سے حاصل ہوتی ہے۔

(الف) خام قومی پیداوار (ب) خالص قومی پیداوار (ج) قومی آمدنی (د) قابل تصرف شخصی آمدنی

(ii) تفاعل بچت کہلاتا ہے۔

(الف) آمدنی اور سرمایہ کاری کا تعلق (ب) آمدنی اور صرف کا تعلق (ج) آمدنی اور بچت کا تعلق (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

(iii) زر کی قدر کا مقدار زر کے ساتھ تعلق ہوتا ہے۔

(الف) براہ راست (ب) بالواسطہ (ج) معکوس (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

(iv) اگر آمدنی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ شرح ٹیکس میں اضافہ ہوتا جائے تو اسے کہا جاتا ہے۔

(الف) متزائد ٹیکس (ب) متناسب ٹیکس (ج) تنزیلی ٹیکس (د) زائد قدری ٹیکس

(v) توازن ادائیگی کی مدات میں غیر مرئی ہے۔

(الف) کاروں کی درآمد (ب) کپاس کی برآمد

(ج) ہوائی جہاز سے جانے والے مسافروں کا خرچ (د) بیرون ملک نجی سرمایہ کاری

(vi) انتقالی ادائیگیاں کس آمدنی میں شامل ہوں گی؟

(الف) خام ملکی آمدنی (ب) قومی آمدنی (ج) قابل تصرف شخصی آمدنی (د) شخصی آمدنی

(vii) قومی آمدنی کی متوازن سطح سے مراد وہ نقطہ ہے جہاں۔

(الف) صرف = بچت (ب) صرف = سرمایہ کاری (ج) آمدنی = بچت + سرمایہ کاری (د) بچت = سرمایہ کاری

(viii) ایسا زر جس کی ظاہری مالیت حقیقی مالیت سے زیادہ ہو، کہلاتا ہے۔

(الف) علامتی زر (ب) معیاری زر (ج) کاغذی زر (د) اعتباری زر

(ix) اگر نئی امانت 100 روپے ہو اور زر نقد کا تناسب 20 فیصد ہو تو زر کی تخلیق ہوگی؟

(الف) 200 روپے (ب) 300 روپے (ج) 500 روپے (د) 1000 روپے

(x) آخر کار سیلز ٹیکس ادا کرتا ہے۔

(الف) دوکاندار (ب) آجر (ج) گاہک (د) تھوک فروش

(xi) پاکستان کی فی کس آمدنی درج ذیل ممالک سے زیادہ ہے، سوائے:

(الف) بنگلہ دیش (ب) بھارت (ج) نیپال (د) سری لنکا

(xii) درج ذیل میں سے فی کس آمدنی کون سی ہے؟

(الف) فی کارکن آمدنی (ب) فی صنعتی اکائی آمدنی (ج) فی فرد آمدنی (د) فی گھرانہ آمدنی

Result.pk

(xiii) ترقی پذیر ممالک کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے۔

(الف) افراط آبادی (ب) زراعت پر انحصار (ج) سرمائے کی وافر مقدار (د) خام مال کی برآمد

(xiv) سپر انڈس ہائی وے N-55 کی لمبائی ہے۔

(الف) 1260 کلومیٹر (ب) 1265 کلومیٹر (ج) 1270 کلومیٹر (د) 1275 کلومیٹر

(xv) سٹیٹ بنک آف پاکستان کا مرکزی دفتر کس شہر میں ہے؟

(الف) کراچی (ب) کوئٹہ (ج) لاہور (د) اسلام آباد

(xvi) صوبائی حکومت کے ذرائع آمدنی میں شامل ہے۔

(الف) کسٹمز (ب) پراپرٹی ٹیکس (ج) سیلز ٹیکس (د) انکم ٹیکس

(xvii) پاکستان نے دوسری مرتبہ کب اپنی کرنسی کی قدر کم کی؟

(الف) 1955ء (ب) 1960ء (ج) 1972ء (د) 1975ء

(xviii) سرمایہ دارانہ معاشی نظام کا بانی ہے۔

(الف) آدم سمتھ (ب) مارشل (ج) کارل مارکس (د) لینن

(xix) کس معاشی نظام کی بنیاد سود پر ہے؟

(الف) اسلام کا معاشی نظام (ب) سرمایہ دارانہ معاشی نظام (ج) اشتراکی معاشی نظام (د) تینوں کی

(xx) درج ذیل میں سے کس مد پر حکومت پاکستان اپنے بجٹ کا سب سے زیادہ حصہ صرف کرتی ہے؟

(الف) دفاع (ب) قرضوں پر سود (ج) نظم ونسق عامہ (د) رفاعی محکمے

Result.pk

# ماڈل پیپر "معاشیات"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

حصہ انشائی

وقت: 2:30 گھنٹے　　　　کل نمبر: 80

## حصہ اول　　　　25x2=50

**سوال نمبر 2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) اعانہ سے کیا مراد ہے؟

(ii) انتقالی ادائیگیوں سے کیا مراد ہے؟

(iii) خام ملکی پیداوار سے کیا مراد ہے؟

(iv) سرمائے کے فرسودگی الاؤنس سے کیا مراد ہے؟

(v) غیر بدل پذیر کاغذی زر سے کیا مراد ہے؟

(vi) قریبی زر سے کیا مراد ہے؟

(vii) فیس اور ٹیکس میں فرق بیان کیجئے۔

(viii) طلبی امانتوں سے کیا مراد ہے؟

(ix) مستزائد ٹیکس سے کیا مراد ہے؟

(x) ملٹی نیشنل کارپوریشنز کے چار فوائد تحریر کیجئے۔

(xi) کاغذی زر سے کیا مراد ہے؟

(xii) شرح سود سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) پاکستان کی چار اہم برآمدات کون کون سی ہیں؟

(ii) توازن تجارت اور توازن ادائیگی میں فرق بیان کیجئے۔

(iii) ٹیکس کلچر سے کیا مراد ہے؟

(iv) پاکستان میں اسٹاک ایکسچینج کے بارے میں تحریر کیجئے۔

(v) آرتھر لیوئس کے الفاظ میں معاشی منصوبہ بندی کی تعریف تحریر کیجئے۔

(vi) معاشی منصوبہ بندی کے چار اہم مقاصد تحریر کیجئے۔

(vii) مرکزی بنک کی تعریف کیجئے۔

(viii) فی کس آمدنی سے کیا مراد ہے؟

(ix) فاضل بجٹ سے کیا مراد ہے؟

(x) بے روزگاری سے کیا مراد ہے؟

(xi) مصارف پیدائش کے دباؤ کا افراط زر سے کیا تعلق ہے؟

(xii) خیرات سے کیا مراد ہے؟

Result.PK

سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) معاشی تعاون کی تنظیم سے کیا مراد ہے؟

(ii) شرح مبادلہ سے کیا مراد ہے؟

(iii) اسلام میں مساوات سے کیا مراد ہے؟

(iv) نمائشی اخراجات سے کیا مراد ہے؟

(v) بالواسطہ ٹیکس سے کیا مراد ہے؟

(vi) سرکاری مالیات کی تعریف کیجئے۔

(vii) گلوبلائزیشن سے کیا مراد ہے؟

(viii) ای کامرس سے کیا مراد ہے؟

(ix) پاکستان کی اہم صنعتیں کون کون سی ہیں؟

(x) نسبت درآمد و برآمد کا فارمولہ تحریر کیجئے۔

(xi) شرح بنک کی پالیسی سے کیا مراد ہے؟

(xii) احسان سے کیا مراد ہے؟

(xiii) میعادی امانتوں سے کیا مراد ہے؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 30=10x3

سوال نمبر 5۔ قومی آمدنی کے دائری بہاؤ کی وضاحت کیجئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ مرکزی بنک کے فرائض بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ ریکارڈو کا تقابلی مصارف کا نظریہ بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 8۔ پاکستان میں فی کس آمدنی کم ہونے کے اسباب بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ پاکستان میں بلند شرح افزائش آبادی کے اثرات بیان کیجئے۔ 10

Result . PK